FECTO
A NAME OF FAITH

FECTO CEMENT LTD.

Registered Office : Plot # 60 - C, Khayaban-e-Shahbaz, Phase VI, Defence Housing Authority, Karachi - 75500 Pakistan. ***PBX*** : (+9221) 35248921 - 22 - 23 & 24
E-mail : cement@fectogroup.com ***Website*** : www.fectogroup.com

FCL/SHD/47-2026/

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

October 02, 2026

NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Dear Sir,

Enclosed please find copies of notice of our Annual General Meeting to be held on Monday October 26, 2026 which has been published in Business Recorder (English) and Nawa-e Waqat (Urdu) newspapers dated October 02, 2026 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Thanking you

Yours faithfully
For FECTO CEMENT LIMITED

(TARIQ IQBAL)
Company Secretary

Encl: As stated above

FECTO CEMENT LIMITED

Registered Office: 60-C, Khayaban - e- Shahbaz, Phase - VI, Defence Housing Authority, Karachi.-75500

NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 45th Annual General Meeting ("AGM") of the Members of FECTO CEMENT LIMITED will be held on Monday, October 26, 2026, at 11:30 a.m. at Royal Rodale Sports and Recreational Complex situated at TC-V, 34th street, Khayaban-e-Sehar, Phase V Ext, Defence Housing Authority, Karachi with facilities for participation through electronic means/video link to transact the following business:

1) To confirm the minutes of the last Annual General Meeting held on Monday, October 27, 2025.
2) To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2026, together with the Directors' and Auditors' Reports thereon.

https://fectogroup.com/financials/

3) To approve the payment of final cash dividend @ 40% i.e. Rs. 4/- per share.
4) To re-appoint M/s. BDO Ebrahim & Co., Chartered Accountants, as the External Auditors of the Company for the financial year ending June 30, 2027, and to fix their remuneration. The Board of Directors, on the recommendation of the Audit Committee, has recommended the re-appointment of M/s. BDO Ebrahim & Co., Chartered Accountants, as the External Auditors of the Company for the financial year 2026-27.
5) To transact any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

Karachi: October 02, 2026

(TARIQ IQBAL)

Notes

1) **Closure of Share Transfer Books**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from Friday, October 16, 2026, to Monday, October 26, 2026 (both days inclusive). Transfers received in order by our Shares Registrar FD Registrar Services (Private) Limited 17th Floor Saima Trade Centre, Tower A, I. I. Chundrigar Road, Karachi by the close of business on Thursday, October 15, 2026, shall be treated as being in time for the purpose of attending, and voting at, the AGM.

2) **Participation in Annual General Meeting (AGM), via physical presence including through proxy**

A member of the Company entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as a proxy to attend, speak and vote instead of him/her. An instrument appointing a proxy must be received at the Registered Office of the Company not later than forty-eight hours before the time of holding the Meeting. The proxy shall produce his/her CNIC or passport to prove his/her identity. In case of a proxy appointed by a corporate entity, the Board of Directors' resolution or Power of Attorney, together with the specimen signature of the nominee, must be submitted along with the proxy form. CDC Account Holders will have to further follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP"). The proxy form is annexed to this notice and is also available on the Company's website.

3) **Participation in AGM through electronic means:**

a. SECP through its Circular No. 4 dated February 15, 2021 has directed the listed companies to ensure the participation of members in general meeting through electronic means as a regular feature in addition to holding physical meetings.

b. Members who wish to attend the meeting through video-link are hereby requested to share the following information for obtaining the video-link and login credentials, with the Company Secretary at email address: agm@fectogroup.com with the subject line "Registration for 45th AGM of Fecto Cement Limited" at earliest but no later than forty-eight hours before the time of holding of AGM

Full Name	CNIC No	Folio/ CDC Account No.	No. of Shares Held	Cell No.	E-mail Address

c. Members will be registered, after necessary verification as per the above requirement and will be provided a video-link by the Company via email.

d. Only those members will be accepted at the AGM via video-link whose names match the details shared with the Company for registration.

e. In accordance with section 132(2) of the Act, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding, residing in a geographical location to participate in the meeting through video conference at least seven (7) days prior to the date of AGM, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility a request is to be submitted addressed to the Company Secretary at the following address:

Fecto Cement Limited
60-C, Khayaban-e-Shahbaz, DHA Phase VI, Karachi

4) **Intimation for Change in Address**

Members holding shares in physical form are requested to notify any change in their address to our share registrar immediately. Members holding shares in CDS system are requested to have their addresses updated with participant or CDC Investor Account Service.

5) **Payment of Cash Dividend through Electronic Mode**

As per the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, dividend payable in cash shall be paid through electronic mode directly into the bank accounts designated by the entitled shareholders. Therefore, in order to comply with the provisions of the law, all physical shareholders who have not yet submitted their International Bank Account Number (IBAN) and CNIC details to the Company are requested to provide the same on the Dividend Mandate Form available on the Company's website. Shareholders of the Company holding shares in CDC are requested to provide the same to their Participants in CDC and ensure that their IBAN details are updated. In case of unavailability of a valid IBAN and CNIC, the Company will be constrained to withhold the dividend in accordance with the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017.

6) **Deduction of Income Tax from Dividend and Exemptions from Deduction**

The current prescribed rates for the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 from payment of dividend by the companies are as under:

For filers of income tax returns : 15%
For non-filers of income tax returns : 30%

The income tax is deducted from the payment of dividend according to the Active Tax-Payers List (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue (FBR). All shareholders who are filers of income tax returns are therefore advised to ensure that their names are entered in the ATL, to enable the Company to withhold income tax from payment of cash dividend @ 15% instead of 30%.

The corporate shareholders of the Company in CDC are advised to ensure that their National Tax Numbers (NTNs) have been updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders must send a copy of their NTN Certificate with their Folio Numbers mentioned thereon to the Company or its Shares Registrar on the mentioned addresses.

The shareholders, who want to avail exemption u/s 150 of the Income Tax Ordinance 2001, must provide valid Tax Exemption Certificate to our Shares Registrar before commencement of book closure otherwise tax will be deducted on dividend as per applicable rates.

7) **Unclaimed Dividend**

As per the provision of section 244 of the Companies Act, 2017, any shares issued or dividend declared by the company which remained unclaimed/unpaid for the period of three years from the date on which it was due and payable are required to be deposited with SECP for the credit of Federal Government after issuance of notices to the Shareholders to file their claim. The details of the shares issued and dividend declared by the Company which have remained due for more than three years were sent to Shareholders.

Shareholders are requested to ensure that their claims for unclaimed dividend and shares are lodged promptly. In case no claim is lodged with the Company in the given time, the Company shall, after giving the notice in the newspaper, proceed to deposit the unclaimed/ unpaid amount and shares with the Federal Government pursuant to the provision of Section 244(2) of the Companies Act, 2017.

8) **Availability of Financial Statements and Reports**

The Company has circulated the annual audited financial statements to its members by email at their registered email addresses. However, a printed copy of the above referred statements will be provided to members upon request. The request form is available on the website of the Company.

Further, in accordance with section 223(6) of the Companies Act, 2017 read with SRO 389(I)/2023 dated March 21, 2023 and SRO 787(I)/2014 dated September 08, 2014, the above referred statements have also been uploaded on the website of the Company and can be downloaded using the following weblink and QR-enabled code:

https://fectogroup.com/financials/

9) **Restriction on Distribution of Gifts to Members**

The SECP, vide Circular No. 2 of 2018 dated February 9, 2018, read with section 185 of Companies Act, 2017 and S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025, has strictly prohibited companies from offering, distributing or arranging gifts, incentives, or any similar benefits to Members at or in connection with general meetings. Accordingly, no gifts or incentives shall be distributed at the AGM. Shareholders are respectfully requested to refrain from bringing, presenting or demanding any gifts during the meeting.

Special Note for Conversion of Physical shares into Book-entry Form:

In compliance with section 72 of the Companies Act, 2017 and SECP's letter no. CSD/ED/Misc.2016-639-640 dated March 26, 2021, listed companies are required to replace existing physical shares issued by them into Book-entry form. In view of the above requirement, shareholders of the Company having physical shares are requested to convert their physical shares into Book-entry form as soon as possible.

Conversion of physical shares into Book-entry form would facilitate the shareholders in many ways i.e. safe custody of shares, readily available market for instant sale and purchase of shares, eliminate risk of loss and damage, easy and safe transfer with lesser formalities as compared to physical shares, can be pledged for financing facilities, are entitled for instant credit of bonus and right shares. The shareholders of the Company may contact Share Registrar of the Company for assistance in conversion of physical shares into Book-entry form.

For any query/problem/information, members may contact the Company's Share Registrar at the following address:

F.D. Registrar Services Private Limited
17th Floor, Saima Trade Tower-A
I.I. Chundrigar Road Karachi
Phone no. 021-32271905-6
Email: fdregistrar@yahoo.com

فیکٹو سیمنٹ لمیٹڈ

فیز-VI، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی-75500

FECTO

A NAME OF FAITH

سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا نوٹس دیا جاتا ہے کہ فیکٹو سیمنٹ لمیٹڈ کے اراکین کا پینتالیسواں (45) سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز پیر مورخہ 26 اکتوبر 2026، بوقت صبح 11:30 بجے رائل روڈیل اسپورٹس اینڈ ریکریشنل کمپلیکس، واقع TC-V، 34th Street، خیابان سحر، فیز VI ایکسٹینشن، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی میں منعقد ہوگا، جبکہ اجلاس میں الیکٹرانک ذرائع/ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی سہولت بھی دستیاب ہوگی، جس میں درج ذیل امور زیرِ غور لائے جائیں گے:

1) مورخہ 27 اکتوبر 2025، بروز پیر کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2) مورخہ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی بیانات، بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور انہیں منظور کرنا۔

https://fectogroup.com/financials/

3) 40 فیصد، یعنی 4 روپے فی حصص کے حساب سے حتمی نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کی منظوری دینا۔

4) میسرز BDO ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرر کرنا اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر مالی سال 27-2026 کے لیے میسرز BDO ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

5) چیئر کی اجازت سے دیگر کاروباری امور انجام دینا۔

بحکم بورڈ

طارق اقبال

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 02 اکتوبر 2026

اہم ہدایات/نوٹس:

1. حصص منتقلی کی کتابوں کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں بروز جمعہ 16 اکتوبر 2026 سے بروز پیر 26 اکتوبر 2026 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 17 ویں منزل، سائمہ ٹریڈ سینٹر، ٹاور A، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی کو بروز جمعرات، 15 اکتوبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی درست اور مکمل منتقلیاں سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے مقصد کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2. سالانہ جنرل اجلاس (AGM) میں ذاتی طور پر، بشمول پراکسی کے ذریعے، شرکت

کمپنی کا وہ رکن جو اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہو، کسی دوسرے رکن کو اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی مقرر کرنے کا فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔ پراکسی کو اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کسی کارپوریٹ ادارے کی جانب سے مقرر کردہ پراکسی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی، نامزد نمائندے کے نمونہ دستخط کے ساتھ، پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ضروری ہوگا۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں بیان کردہ رہنما اصولوں پر بھی عمل کرنا ہوگا۔ پراکسی فارم اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

3. الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت:

(a) SECP نے اپنے سرکلر نمبر 4 مورخہ 15 فروری 2021 کے ذریعے درج کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اجلاس کے فزیکل انعقاد کے علاوہ عمومی اجلاس میں اراکین کی الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے شرکت کو بھی باقاعدہ سہولت کے طور پر یقینی بنائیں۔

(b) جو اراکین ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات حاصل کرنے کے لیے درج ذیل معلومات کمپنی سیکریٹری کو ای میل ایڈریس agm@fectogroup.com پر، ای میل کے موضوع (Subject) میں "Registration for 45th AGM of Fecto Cement Limited" درج کرتے ہوئے، حتی الامکان جلد از جلد، تاہم AGM کے انعقاد کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ارسال کریں:

پورا نام	شناختی کارڈ نمبر	فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	رکھے گئے شیئرز کی تعداد	موبائل فون نمبر	ای میل ایڈریس

(c) اوپر بیان کردہ تقاضے کے مطابق ضروری تصدیق کے بعد اراکین کا رجسٹریشن کیا جائے گا اور کمپنی کی جانب سے انہیں ای میل کے ذریعے ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔

(d) صرف ان اراکین کو ویڈیو لنک کے ذریعے AGM میں شرکت کی اجازت دی جائے گی جن کے نام کمپنی کو رجسٹریشن کے لیے فراہم کردہ تفصیلات سے مطابقت رکھتے ہوں۔

(e) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 132(2) کے مطابق، اگر کمپنی کو ایسے اراکین کی جانب سے، جو مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد حصص کے مالک ہوں اور کسی مخصوص جغرافیائی علاقے میں مقیم ہوں، AGM کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے رضامندی موصول ہوتی ہے، تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرنے کا انتظام کرے گی، بشرطیکہ اس شہر میں ایسی سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے استفادہ کرنے کے لیے درخواست درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کے نام ارسال کرنا ہوگی:

فیکٹو سیمنٹ لمیٹڈ

C-60، خیابانِ شہباز، ڈی ایچ اے فیز VI، کراچی

(4) پتے میں تبدیلی کی اطلاع

فزیکل صورت میں حصص رکھنے والے اراکین سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو دیں۔ سی ڈی سی سسٹم میں حصص رکھنے والے اراکین سے درخواست ہے کہ اپنے پتے اپنے متعلقہ شرکت کنندگان یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس کے پاس اپ ڈیٹ کروائیں۔

(5) الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 242 کے مطابق، نقد ڈیویڈنڈ قابل ادائیگی صورت میں مستحق حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں براہِ راست الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے ادا کیا جائے گا۔ لہٰذا قانونی تقاضوں کی تکمیل کے لیے تمام ایسے فزیکل حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور CNIC کی تفصیلات کمپنی کو فراہم نہیں کیں، ان سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کے ذریعے مذکورہ تفصیلات فراہم کریں۔ کمپنی کے وہ حصص یافتگان جن کے حصص CDC میں موجود ہیں، وہ مذکورہ تفصیلات اپنے متعلقہ CDC شرکت کنندگان کو فراہم کریں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کی IBAN کی تفصیلات اپ ڈیٹ ہوں۔ درست IBAN اور CNIC دستیاب نہ ہونے کی صورت میں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے مطابق ڈیویڈنڈ روکنے پر مجبور ہوگی۔

(6) ڈیویڈنڈ پر انکم ٹیکس کی کٹوتی اور کٹوتی سے استثنیٰ

کمپنیوں کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی موجودہ مقررہ شرحیں درج ذیل ہیں:

انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والے افراد کے لیے: 15%

انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والے افراد کے لیے: 30%

ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) کے مطابق کاٹا جاتا ہے۔ لہٰذا انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والے تمام حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ATL میں درج ہوں، تاکہ کمپنی نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر 30 فیصد کے بجائے 15 فیصد کی شرح سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کر سکے۔

کمپنی کے وہ کارپوریٹ حصص یافتگان جن کے حصص CDC میں موجود ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نیشنل ٹیکس نمبرز (NTNs) ان کے متعلقہ شرکت کنندگان کے پاس اپ ڈیٹ ہوں، جبکہ فزیکل صورت میں حصص رکھنے والے کارپوریٹ حصص یافتگان کو چاہیے کہ اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک نقل، جس پر ان کا فولیو نمبر درج ہو، کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ پتوں پر ارسال کریں۔

وہ حصص یافتگان جو انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 150 کے تحت ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، انہیں کتاب کی بندش کے آغاز سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار کو ایک مؤثر ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہوگا، بصورتِ دیگر قابلِ اطلاق شرحوں کے مطابق منافع پر ٹیکس کاٹ لیا جائے گا۔

(7) غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 244 کے مطابق، کمپنی کی جانب سے جاری کردہ کوئی بھی حصص یا اعلان کردہ ڈیویڈنڈ، جو اس کے واجب الادا اور قابلِ ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک غیر کلیم شدہ/غیر ادا شدہ رہے، حصص یافتگان کو اپنے دعوے جمع کرانے کے لیے نوٹس جاری کرنے کے بعد وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں SECP کے پاس جمع کرانا ضروری ہے۔ کمپنی کی جانب سے جاری کردہ حصص اور اعلان کردہ منافع کی وہ تفصیلات جو تین سال سے زائد عرصے سے واجب الادا ہیں، حصص یافتگان کو ارسال کر دی گئی ہیں۔

حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ اور حصص کے حوالے سے اپنے کلیمز بروقت جمع کرانے کو یقینی بنائیں۔ اگر مقررہ مدت کے اندر کمپنی کے پاس کوئی کلیم جمع نہ کرایا گیا تو کمپنی اخبارات میں نوٹس شائع کرنے کے بعد کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 244(2) کے تحت غیر کلیم شدہ/غیر ادا شدہ رقم اور حصص وفاقی حکومت کے پاس جمع کرانے کی کارروائی کرے گی۔

(8) مالی بیانات اور رپورٹس کی دستیابی

کمپنی نے سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات ای میل کے ذریعے اراکین کے رجسٹرڈ ای میل پتوں پر ارسال کر دیے ہیں۔ تاہم، مذکورہ مالیاتی گوشواروں کی مطبوعہ نقل اراکین کی درخواست پر فراہم کی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

مزید برآں، کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 223(6) کو SRO 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 اور SRO 787(I)/2014 مورخہ 08 ستمبر 2014 کے ساتھ ملا کر پڑھنے کے مطابق، مذکورہ مالی بیانات کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں اور درج ذیل ویب لنک اور QR-enabled code کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں:

https://fectogroup.com/financials/

(9) اراکین میں تحائف کی تقسیم پر پابندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے سرکلر نمبر 2 برائے 2018 مورخہ 9 فروری 2018 کے ذریعے، جسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 185 اور SRO452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کمپنیوں کو عمومی اجلاسوں میں یا ان کے سلسلے میں اراکین کو تحائف، مراعات یا کسی بھی قسم کے مماثل فوائد پیش کرنے، تقسیم کرنے یا ان کا انتظام کرنے سے سختی سے منع کیا ہے۔ لہٰذا AGM میں کسی قسم کے تحائف یا مراعات تقسیم نہیں کی جائیں گی۔ حصص یافتگان سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ وہ اجلاس کے دوران کوئی تحفہ لانے، پیش کرنے یا طلب کرنے سے گریز کریں۔

فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے متعلق خصوصی نوٹ:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 72 اور SECP کے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc.2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کی تعمیل میں، درج کمپنیوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ موجودہ فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ مذکورہ تقاضے کے پیش نظر، کمپنی کے وہ حصص یافتگان جن کے پاس فزیکل حصص موجود ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے فزیکل حصص کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔

فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے حصص یافتگان کو متعدد سہولیات حاصل ہوں گی، مثلاً حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری خرید و فروخت کے لیے باآسانی دستیاب مارکیٹ، حصص کے ضائع ہونے یا خراب ہونے کے خطرے کا خاتمہ، فزیکل حصص کے مقابلے میں کم رسمی کارروائی کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی، مالیاتی سہولیات کے حصول کے لیے حصص کو رہن رکھنے کی سہولت، اور بونس و رائٹ حصص کی فوری کریڈٹ کی سہولت۔ کمپنی کے حصص یافتگان فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں معاونت کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

کسی بھی سوال، مسئلے یا معلومات کے لیے اراکین کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں:

ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ،

17 ویں منزل، سائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

فون نمبر: 021-32271905-6

ای میل: fdregistrar@yahoo.com